بعونہ تعالی

مولد شریف چراغ دین

درین ایام فرخندہ فرجام نسخۂ متبرکہ میلاد شریف

من تصنیفات

عاشق رسول الثقلین نواب باقر علیخان صاحب تخلص شفیع جنکے تصنیفات

کثیر ہیں ساکن محلہ پیر بخارا باہتمام احقر العباد محمد وزیر بعد اضافہ تالیف

حسب فرمایش

جناب نواب امین الدین حیدر خاں صاحب صاحبزادہ مصنف مسبوق الذکر

در مطبع نامی گلزار محمدی لکھنؤ طبع شد

قیمت بخشش فی جلد ... بار اول ... تعداد طبع

اللّٰہم صلّ وسلّم علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد

الحمد للہ والمنۃ کہ اندنون نسخہ متبرکہ میلاد نبی صلعم اسمہ تاریخی

چراغ زن

سنہ ۱۲۹۲ ہجری

من تصنیف منیف جناب نواب باقر علی خانصاحب تخلص تسلی

در مطبع اکمل المطابع محمدی واقع لکھنؤ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیجیے حمد خدا کو ابتدا
نعمتین کی ہین عطا لا انتہا

شان و قدرت کو عجب جلوا دیا
پہلے اپنے نور کو پیدا کیا

ایک خالق اور اک مخلوق تھا
گر کہیے عاشق تھا تو خود معشوق تھا

بزم خلوت مین نپایا دخل غیر
برسون ہی کی عالم وحدت کی سیر

بعد اوسکے گو بہت کثرت ہوئی
آشکارا حجت وحدت ہوئی

جس ثناے پاک سے کھل جاے راز
ہو سزاوار خداے بے نیاز

کون یان اوسکے سوا معبود ہے
وہ ازل سے تا ابد موجود ہے

سارے اسباب جہان پیدا کئے
سب زمین و آسمان پیدا کئے

آفتاب و ماہ پیدا جب ہوئے
یک بیک سامانِ روز و شب ہوئے

گر زمین کو خاکسارون سے ہے زیب
آسمانون کو ستارونسے ہے زیب

روح تن کو نعمت کبرے ہوئی
تن سے جان کو راحت عظمی ہوئی

ہے برائی سالک راہ وصال
دولت جاوید قرب ذو الجلال

جسکو اس دنیا مین تیری لو نہین
کہئے کیا اوس دل کو شمعِ بزم دین

گرچہ پیدا ہیں کہہ وجود و گہہ عدم
لم یزل قیوم ہے فی حسن القدم

غیر تیرے کوئی نہیں خلاق ہے
دوست دشمن کا تو ہی رزاق ہے

گل کو گلشن قطرہ کو دریا کیا
جو کیا تو نے وہ سب اچھا کیا

انت تواب و غفار رحیم
ربنا اہد الصراط المستقیم

در نعت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میرے خالق کا جو نور پاک ہے
بادشاہ کشور لولاک ہے

زیر پا جس کے ملک کا فرش ہے
نور رب کرسی نشین عرش ہے

سب سے افضل اور اکرم ہے وہی
باعث احیاء عالم ہے وہی

فیض کیا کیا سرور عالم کے ہیں
حضرت آدم اونہیں کے دم سے ہیں

واہ کیا کیا رحمت معبود ہے
یہہ محمد اور خدا محمود ہے

مصطفے ہیں سرور الاحباب
رحمۃ للعالمین پایا خطاب

شاہد و داعی مبشر اور منیر
کہہ بشیر نیک خو کا ہے نذیر

نون و یاسین اور مزمل خطاب
احمد و طٰہٰ شہ گردون جناب

نور و نعمت اجتبی رحمت رشید
شمس و محسن و رحمت رب مجید

کافی و ہاشر اونہیں کہتے ہیں سب
فاتح و خاتم متقفی ہے لقب

عاقب و ماحی مذکر اور سراج
ملت اسلام کو بخشا رواج

گروہ ہے خورشید دین گردون مقام
اوس کے بارہ برج ہیں بارہ امام

حسب ادب ہدیۂ بھیجا چاہیے
تحفۂ تسلیم بھیجا چاہیے

مقدمہ

سامعینوں کو پیام خامہ ہے
نور خالق کا ولادت نامہ ہے

جانیے راحت ہر اک تکلیف کو
سنیے دل سے باعث تصنیف کو

ایک دن اک یار صادق نے کہا
خاصۂ ذی شان خالق نے لکھا

اسمد کو نن سے خیر الامم
کیجیے حال ولادت کو رقم

یون نہ کھویا زندگانی چاہئے / بعد مردن کچھ نشانی چاہیے

ہم ناحق ہے معین ہو گا الاہ / چاہیے مسافر زاد راہ

گو ہر اک تشویش سے فرصت نہ تھی / اتفاقاً بس یک مثنوی منظور کی

اونکے گر اوصاف سے واقف ہو / اسم پاک اونکا [illegible] سے سنو

عاشق خیر البشر احمد علی / میرزا ہی خوش سیر احمد علی

جابجا مشہور ہی اونکا خطاب / نہی میرزا کہتے ہین سب شیخ و شاب

عشق اہل بیت مین ناجی ہوئے / بفضل رب سے زائر و حاجی ہوئے

اونکی جو تاکید پر تاکید سے تھے / ہیچ خواہ اونکے واسطے نامستعد تھے

جو حدیثون کے موافق حال تھا / مختصر کرکے اوسے موزون کیا

جو روایت حسب مطلب مل گئی / بر محل ہے اوس سے کیفیت بنی

لب کوئی جوہر ہے محتاج عرض / تھی نہ مضمون خیالی سے غرض

ہر خطا سے ہو بری راہ صواب / منکے وصف نور خالق ہو مثاب

گو سخن کی قدر کچھ باقی نہین / ہے مگر تحفہ برائے مومنین

اور کچھ منت نہین غیر ثواب / تا ہو آسان مشکل روز حساب

الغرض موزون کئے اشعار چند / جو ہر ایک ہین در شہوار چند

گرچہ ظاہر مین ولادت نامہ ہے / پر حقیقت مین شفاعت نامہ ہے

بندش مضمون نہین گو خوب ہے / نامہ اعمال مین محبوب ہے

کیونکہ ہی شام سے صبح یقین / مثنوی ہی مطلع خورشید دین

روشن اپنا نام ہے اس نام سے / ہے امید مہر ذو الاکرام سے

گو یہہ دل طالب نہین تعریف کا / ہان مگر خواہان ہے اس تکلیف کا

پاکے حظ باغ سخن کی سیر سے / شاد فرمائین دعائے خیر سے

تا سر ایک آفات محشر سے بچے / ذاکر خیر البشر شر سے بچے

ملتجی ہون مین برائے مغفرت / چاہئے سب کو دعائے مغفرت

ہوتا ہی جب روز میلاد رسولؐ
پایا ہی آرام کچھ بیمار دل

ای مسلمانو مقام غور ہے
جو کہ شرک بانی صید جور ہے

اوس مین مہر خالق اکرم ہوئی
شاد ہونے سے اذیت کم ہوئی

تم تو سب ہو جان نثار مصطفیٰؐ
قائل رب و دست انبیاء [illegible]

پاؤگے جنت مین اعلیٰ مرتبہ
اور سب نے [illegible] ہوگا مرتبہ

اُمتین جو جو تھین مابین سلف
امت احمدؐ [illegible] اول و ذوق [illegible]

دیکھو سیر گلشن عنبر سرشت
راغبان مشتاق ہین اوسکون لشت

بہر ذاکر مرحبا کا شور ہے
ہر طرف صلی علیؐ کا شور ہے

روایت الیث بن سعد کی کوب

لیس کا ہے قول ای نیکو اساس
مین گیا ابن ابی سفیان کے پاس

کعب احبار اوس جگہ موجود تھا
استفادے کے لئے بیٹھا کعب

ہی تمہاری بھی کتابون مین بیان
کو سنے میلاد محمدؐ کا نشان

جو جو آثار ولادت یہان ہوئے
اون کتابون مین بھی ہین اونکے بیان

وہ جو توریت اور انجیل آئی ہی
اونمین انکی بھی فضیلت پائی ہے

دیکھا اوسنے ابن سفیان کی طرف
تا نہ آزردہ کہین ہونا شگفت

اتفاقاً وہ بھی بولا کر بیان
تا ہو کچھ تیری زبانی بھی عیان

تو نی جو دیکھا ہو یا ہو جو سنا
ای ابو اسحٰق وہ مجھکو سنا

بولا وہ افلاک سے آئے ہین جو
وہ کتابین سب پڑھی ہین ہفتاد و دو

جو صحف آئی برای دانیال
دیکھی ہین مین نے وہ سب بی قیل و قال

اون مین ہی مذکور میلاد نبیؐ
اور ذکر حال اولاد نبی

کس سے پوشیدہ ہی سب مین دھوم ہی
نام اونکا جا بجا مرقوم ہی

دو پہلو کے سوا اسے نیک نام
پیش حق کتنے تھے ایسے احترام

کم نہین ہیسے وا حمدؐ کی شرف
اونکے بہتون کے ہین شہرے ہر طرف

بهر مریم اور بهر آمنه
بهیجے پردے گلشن فردوس کے
آمنه جسدن هوئی تهین حامله
آسمان سے دی منادی نے ندا
جو هے عصمت اور جلالت کا صدف
فیض ابر رحمت معبود سے
هے رسالت کا جو در شاهوار
حاملان عرش اور قدسی تمام
باغ عالم مین بشارت کا سحر
جب ولادت کی هوئی شب آشکار
سب وه هین یاقوت و مروارید کے
کهتے هین آپس مین سب غلمان و حور
جز خوشی غم نے نیا یار استه
باغ جنت جب مزین هو چکا
راندن آباد هو آباد ره
جو همیشه هے تیرے احباب کا
مثل گل خندان هوا باغ بهشت
بس یون هی سامان رهیگا تا بحشر
سب زمین اور دریا خوش هوئے
هر طرف آئے نظر آثار نیک
مثل عالم وه نکو انجام هے
کهتے هین اوسکے دنیون مین بات لاکهه
هو نبی کی بکا ندا اوسی کی جو نامه

جانب حق سے تها کیا کیا مرتبه
اور ملک آئے حفاظت کے لئے
نیکیون کا اپنی پایا تها صله
مژده هوا هو ساکن ارض و سما
جو هے عفت اور شرافت کا صدف
هے مشرف گوهر مقصود سے
اوس صدف مین اوسنے پایا هے قرار
اس بشارت سے هوئے تهے شادکام
پهلے گل لایا هوا پهر بار ور
قصر جنت مین بنے سنتر هزار
هو گئے حورون مین سامان عید کے
هین ولادت کے قصور مقصور
سب بهشتون کو کیا آراسته
تب منادی نے یه دی اوسکو ندا
حکم رب سے شاد هو اور شاد ره
آج پیدا باغ عالم مین هوا
خوش تهے غلمان شاد حور خوش سرشت
هر ملک خندان رهے گا تا بحشر
شهر و ده اور باغ و صحرا خوش هوئے
ماهیان بحر سے مچهلی هے ایک
هے بڑی سب سے متوسا نام هے
کیجئے گو وصف خوش اوقات لاکهه
قدرت رب سے هی کیا لازمه

کانین اوس کی پشت پر ستر ہزار
ہی وہ ہر اک گاسے دنیا سے بڑے
سینگ ہین گائی کی ستر ہزار
گوخرابان گائے ہین ستر ہزار
یہہ بشارت جب تو سالے سنی
گرادسے ساکن مگر یا ذو الجلال
سب کی سب ہوتی نہ و تالا زمین
تا ثریا اور تا تحت الثرا
ہر طرف کیا اہتمام عیش تھا
تھے خوش و خرم یہان تھے جو بہاڑ
تھین صدائین کلمہ توحید کی
بڑہ گیا کیا کیا شکوہ بو قبیس
باغ عالم مین جو یان اشجار تھے
تھا تنفر مکر اور تلبیس سے
طاعت رب مین جوان و پیر تھے
تھی زمین و آسمان کے درمیان
آتی تھی ہر سمت بوئی مشک و عنبر
تھا نہ اونسی کوئی آئیس مین شبیہ
روح آدم نے بشارت جب سنی
غم گھٹا ہر ایک بڑہ کر مرتبہ
یک بیک طاری ہوئی حالت نئی
حوض کوثر جل مین مضطر ہو
تھی اوسے بحر کرم کی

راہ چلتی مین سدا الیل و نہار
پشت ماہی پہ فراغت سے کھڑے
اور زمر دستے ہوئے مین آشکار
کچھ خبر اوس کو نہین ہے زینہار
خوش ہوئی ایسی اوسے جنبش ہوئی
ہوتا سب اہل زمین کا غیر حال
جلنے ہر وحش و طیور و آدمین
ہر مکان ہر قصر تھا عشرت سرا
لامکان بھی اک مقام عیش تھا
مژدہ دیتے تھے پہاڑون کو پہاڑ
جس نے یہہ مژدہ سنا بس عید کی
بعد ان عشرت تھا کوہ بو قبیس
سب وہ محو طاعت غفار تھے
کام تھا تہلیل اور تقدیس سے
ہر طرف کو نعرہ تکبیر تھے
فرحت و عیش و بشاشت کے نشان
نور کی دریا کئے ستر عمود
تھے ہم حاضر تھے با شکل وجیہ
خوش ہوئی اور جشن کی تدبیر کی
تھا مضاعف حسن ستر مرتبہ
ہوئی نکی تھی کنارہ کر گئی
جوش آیا آب [illegible] یا سر ہوا
یا نہ پر تھا بڑہ گئی تھی آبرو

گوہر و یاقوت کے ستر ہزار — قعر باہر آئے تھے بے شمار

تھے جو ہر دم فکر اور تدبیر میں — سب شیاطین بندہ ہوگئے زنجیر میں

مضطرب تھے راحت و آرام بن — قید رکھا قلعے میں چالیس دن

پھر عجب صدمے سہے چالیس روز — غرق دریا میں رہے چالیس روز

ہوگئے پہلے سے بھی صدمے دوچند — تھی وہاں فریاد واویلا بلند

کم نہ تھے آسمانی ہوتے تھے — آتشیں پانی پانی ہوتے تھے

کیا کمی تھی کفر کے مٹ جانے میں — سرنگوں بت ہوگئے بتخانے میں

قوم حضرت بھی بشارت پاتی تھے — کعبے سے بھی نکلتی یہ آواز آتی تھے

کیوں دگرگوں غم سے ہے حال قریش — ہو خبر بر اک گواہی آل قریش

آیا ہے امروز تم سب کی طرف — حکمران کشور عز و شرف

دے گا وہ مژدہ تو اونسے تمہیں — اور ڈرائیگا عذاب اونسے تمہیں

ہر مومن ہے شہنشاہ بشیر — کافروں کے حق میں سلطان نذیر

ہوگی اوس سے سود مندی بزرگ — اوس سے ہے اکرام و اجلال سترگ

ہے ترو تازہ نہایت باغ دین — لایا پھل نخل مراد مؤمنین

ہے ہمیشہ تاج بخش افسران — نور یزدان خاتم پیغمبران

کرچکا ار ولادت جب عیان — اسطرح بولا وہ کعب خوش بیان

دو جہاں حضرت کے ہیں زیر قلم — یوں کتابوں میں ہماری ہے رقم

عترت اوسکی بہترین خلق ہے — دشمن اوسکا کمترین خلق ہے

ہوں گے اوس عترت میں سب شاہ زمان — دم سے اونکے ہر مردم ہے امان

گر جہاں میں ہوگا اونسے ایک بھی — قہر حق نازل نہ یہاں ہوگا کبھی

ہے ہلاکت اور طوفاں سے نجات — اونکے دم سے ہوگی قائم کائنات

ابن سفیان نے کیا اوس دم سوال — ای ابو اسحق ای شیریں مقال

کون سی ہے مدحت نور خدا — کون سے یہ عترت نور خدا

ہے جو بعد انبیا اون کا ظہور ہے یہ اوس مین حکمت رب غفور
ناسخ ہے ملت اسلاف ہون اون کے ہر اک سی سوا اوصاف عدد
ہوتی گر پہلے سے حضرت زیب صدر سب نبیون کی نکرتا کوئی قدر
ہوتے بعد اونکی بطرز ہمسری کوئی بھی آتا نہ پھر پیغمبری
پڑھیے اسعد ہم بادل حاضر درود چاہیے ہے نذر کے خاطر درود

ترجمہ قولہ تعالی

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط

ہے یہ رحمت سی کل ایمان جنو یعنی تفسیر کلام رب سنو
آیۂ رحمت ہے جو قرآن مین ہے بلاشک مصطفی کی شان مین
اسطرح فرمایا ہے رب ودود بھیجتے ہین ہم پیمبر پر درود
موجب فرمان رب کائنات سب فرشتے بھی ہین مشغول صلات
تم بھی ہو نائب رب ودود اے گروہ مومنین بھیجو درود
باطنی الفت کو یون ظاہر کرو تحفۂ تسلیم کو حاضر کرو
انّ جو با معنے تحقیق ہے شک نہین جائز بجز تصدیق ہے
کیا عجب رتبہ ملائک کا بڑھا اسلیے منصوب قرآن پڑھا
انّ کا جو اسم ہے یاکر تو فر عطف ہے اس کا اوسی اللہ پر
ہے خبر فعل مضارع اس لیے فائدہ ہے دوام او معنے دیے
ہے یصلّون ممدا برار کا فائدہ حاصل ہے استمرار کا
گرچہ مطلب سب عیان ہے صاف صاف پر کیا ہے نحویون نے اختلاف
چاہیے تائید امر نیک کی ہے خبر دونون کی وہ یا ایک کی
کہتے ہین یعنے نحاۃ خوش سیر ہے وہ اللہ و ملائک کی خبر
گرچہ لازم ہوتی ہے یا صد نماز جمع مابین حقیقت اور مجاز

کیا عجب جمشید اگر سیر و سمن … ہو ملک ساغر پئے … سوختن
سبز … آفتاب دست ماہ رو … تا … آب معتمد کے آبرو
شاہی مجھے کشور ایمان کی لے … جام الفت ساقی کوثر کا دے
دل اگر ممنون احسان ہو ترا … رہ نما ہے لغزش ایمان میں مرا
جا تری حالی سے بزم پاک میں … دیر سے بیٹھا ہوا ہوں تاک میں
ایّھا السّاقی اُدِر کاساً لنا … ضاق وقتُ العُمر فی دارِ الفنا
نشاء ملک بقا ہو دم بدم … چاہئے میرے لئے جام قدم
لادے مجھکو خم وحدت کی شراب … تا ہو مشرک کا جگر غم سے کباب
بادۂ الفت سے بھر جام نشاط … طالب یک جرعہ ہے خضر حیات
گر ملے مجکو اوس سے حاصل ہو ایاغ … شب کو ہو مہتاب کا روشن چراغ
گر ہو عالم میں دل پژمردہ کا … درد ہو اوسکا معالج درد کا
دی وہی آب حرام اے خوش مآل … جو کہ شرع نور حق میں ہو حلال
وہ معطر چاہئے مجھکو شراب … گلشن عالم میں پانی ہو گلاب
بزم عشرت میں کوئی دل ہو نہ تنگ … بادۂ گلرنگ سی خم جائے رنگ
ساغر انور اگر ہے آفتاب … ہے صبوحی نور صبح انتخاب
ساقیا گر تا نئے خم شام ہے … تو شفق بھی بادۂ گلفام ہے
گو بظاہر زندہ ہوں بیہوش ہوں … عین مدہوشی میں با صد ہوش ہوں
ساغر بلور کو بھر دیجئے … یعنی آب خشک کو تر کیجئے
جو کہ لیلائے شب میلاد ہے … تا نہ مجنون کو اوس کی یاد ہے
جلوہ فرما گر خدا کا نور ہو … تو دل بیہوش فخر طور ہو
ہو خمار صدمۂ اندوہ دور … بزم کو آب طرب سے ہو سرور
مجھ سے گر فرہاد کو باتھ آئے جام … تا قیامت لے نہ خسرو شیرین کا نام
[illegible] … [illegible] رات دن جایا کرے

اسی طرح ہو دور اب آتشین — سیخ و شو گرم ہو بازار دین
مہر صبوحی سے تو جام آفتاب — تا کہ بزم نور سے ہوں فیض یاب
جنسے دیکھا ہو ثریا تاک میں — بادۂ انگور کے ہوں تاک میں
ای محبو یاس ایمان چاہیے — بزم میں آنیکا سامان چاہیے
دل سے یاں حاضر رہو مطلب یہی — محفل مولود نور رب ہے یہی

حدیث مبارک رسالت مآب خلقت نور میں پہلے حضرت آدم سے

لکھتے ہیں یوں عالم دین مبین — ہو یہی ارشاد امیر المومنین
حق تعالی نے شرف کیا کیا دیا — پہلی نور مصطفیٰ پیدا کیا
تھے نہ یاں جہان آب و زمین — آسمان و کرسی و عرش برین
کچھ نہ یاں موجود تھا غیر عدم — جنت و دوزخ نہ تھی لوح و قلم
چاہیے نور محمد پر درود — تھا نہ دنیا میں فرشتوں کا وجود
رتبہ نور خدا کیا ہوسکے — آدم و حوا نہ تھے پیدا ہوسکے
ہیں احادیث نبی سے آشکار — کیجئے گر قبل آدم کا شمار
سال ہوں چوبیس الف اور چار لاکھ — شک نہیں گو دل کرے انکار لاکھ
راست گو کہتے ہیں سب کوئی نہ تھا — جز خدا اور نور رب کوئی نہ تھا
الغرض جب نور حق پیدا ہوا — خالق مختار کا شیدا ہوا
ہر گھڑی حمد و ثنا سے کام تھا — محو طاعت عاشق علام تھا
بندگی پر ایسا آمادہ ہوا — سامنے داور کے استادہ ہوا
جب عبادت میں برس گذری ہزار — بڑھ گیا اس نور کا فخر و وقار
پاس تھا رب علی کو اس قدر — دم بدم فرمائی رحمت کی نظر
طاعت معشوق جب عاشق نے کی — عزت مخلوق تب خالق نے کی
بار ہا پیغام رب آیا کیا — اس طرح اللہ فرمایا کیا
کون ایسا خاصہ معبود تھا — بس ترا ہونا ہمیں مقصود تھا

موجب فرمان ہوا حاصل کمال
ہاتھ آیا پردہ جاہ و جلال

نور رب پاک با شان عظیم
پڑھتا تھا تسبیح سبحان الکریم

کہتا ہے خود راوی ذیشان سلف
گذرے اوسجا سال اوسکو آٹھ الف

پردہ رحمت میں آیا بعد ازان
حمد رب پاک سے تھا تر زبان

بیچ مین خود رحمت داور تھی گرد
تھا اوسے سبحان رب العرش ورد

فضل یزدان راس و چپ او دبیل خلف
ساری گذری اوسجگہہ پر سات الف

نور پر تھا لطف داور بیحساب
رہنے کو پایا نبوت کا حجاب

نام ہو لا اسم مالک ورد تھا
ہر گھڑی سبحان ربک ورد تھا

نور کا بڑھتا گیا عز و وقار
ذکر رب مین سال گذرے شش ہزار

طاعت رب سے شرف حاصل کیا
آیا یا مین حجاب کبریا

موجب فرمان رب ہو کر مقیم
ورد کی تسبیح سبحان العظیم

رشتہ الفت نہ ہا ہو قطع و حلف
پایا دخل مین سال گذرے پنج الف

پر ہوا وہ نور با صد مکرمت
جلوہ فرمائے حجاب منزلت

درگہ معبود مین بیخوف و بیم
ورد تھی تسبیح سبحان العلیم

چار الف اوسجا ہوئی جب دم برس
غیر یاد رب نکوئی کی ہوس

پردہ رفعت مین فرمایا جلوس
ایک عرصے تک وہین بھایا جلوس

دخل ظلمت تہا نہ نور رب کی گرد
تہا وہان سبحان من ذی الملک ورد

اوج پایا عزت و تبجیل سے
کام تھا تسبیح اور تہلیل سے

سال راحت سے ہوئی جب ستہ ہزار
آیا باہر والشی نور کردگار

جانب رب سے ہوا اوسدم خطاب
منتظر اب ہر سعادت کا حجاب

جب یہہ حکم خالق یکتا ہوا
جلوہ گر نور خدا اوسجا ہوا

رتبے پر رب سو اوٹھنے لگا
تسبیح سبحان من پڑھنے لگا

سال با خوبی ہوئے جب دو ہزار
واسنے نکلا نور با صد افتخار

عرض کی اے مالک روز حساب
چاہئے مجھکو شفاعت کا حجاب

بالتجی جب دم حضور رب ہوا — وحی سے ممتاز نور رب ہوا
ناگہاں آواز آئی اے حبیب — منتسی ہو پردہ شفاعت کا قریب
جا پہنچے وان جلوہ فرما ہو جئے — نیر برج تجلا ہو سے جئے
سب کو کافی ہو حمایت آپ کی — منتظر خود ہی شفاعت آپ کی
ظلمت عصیان کی لی راہ عدم — نور نے رکھا شفاعت مین قدم
ہم قسمت اوج پر ستار ہا — تسبیحہ سبحانہ پڑ ستار ہا
یاد رکھ یہین سال جب گذرے ہزار — تب ہوئے اسرار کیا کیا آشکار
ہو منور از خفی ہو منجلی — اسطرح ارشاد کرتے ہین علی
قدرت رب کی عجب جلوے دئے — بیس دریا نور سے پیدا کئے
گر وہ شخص دل سے شن اسی با صد رجوع — ایک ان سب مین سی ہی بحر خشوع
ہو سعادت سی قرین مرد سعید — آبرو کی دین ہو دریائے مزید
اک امانت اک امانت بحر ہے — اک ہدایت اک صیانت بحر ہے
بحر تقوے و عمل بحر رضا — بعد ازان بحر وفا بحر حیا
اک خشیت اک تواضع کا ہی بحر — ایک ان سب مین توقع کا ہی بحر
بحر صدق و بحر جود و بحر حلم — بحر عزت بحر صبر و بحر علم
تا زیادہ ہو مصفا پر ضیا — بیسون دریا مین اوسے غوطہ دیا
اسطرح الطاف یہ الطاف ہون — مجتمع اوس مین یہ سب اوصاف ہون
ہو چکا ہر بحر مین جب غوطہ زن — آبرو پائی بصد وجہ حسن
بحر آخر سے وہ باہر آیا جب — خالق مختار نے فرمایا تب
ای حبیب کردگار دو جہان — ای محمد بہترین بندگان
بہترین افضلان و اکملان — بہترین انبیا و مرسلان
ساری مخلوقات سی اول ہی تو — آخر پیغمبران افضل ہی تو
رو مین تجسے صد مہای جان گزا — ہی شفیع عاصیان روز جزا

نور سن سنکے خطاب بے نیاز / ہوگیا تہا سجدہ ونسے کیا کیا سرفراز
سر اوٹہایا سجدۂ داور سے جب / نور نے ایجاد کیا یا فیض سب
تہی تجلی وان زیادہ طور سے / نور کی قطرے گرے اوس نور سے
ہیں چہار او سی تہی جو اون سکا شمار / قول یا حضرت سے ہوا ہے آشکار
سب وہ تہے چوبیس الف اور ایک لاکھ / منکشف ہر اک سے ہے سر نیک لاکھ
انبیا اون قطروں نسے پیدا ہوئے / مورد احسان رب کیا کیا ہوئے
بیچ میں تہا نور پاک مصطفے / گرد قطرے نور کی با صد ضیا
نور حضرت تہی کعبہ تہا صاف / اور سب قطرے تہے سرگرم طواف
دمبدم حمد خدا کا تہا خیال / پڑہتے تہے تسبیح رب ذو الجلال
یک بیک جب اسطرح ساماں ہوا / جانب اللہ سے آئی ندا
کون ہوں میں جانتے بھی ہو مجھے / عارفو پہچانتے بھی ہو مجھی
گرچہ سب خاموش تہی سنکر خطاب / نور حضرت نے دیا جھٹلے جواب
بیگماں تو وہ خدا ہے پاک ہے / جس کا نائب صاحب لولاک ہے
جز ترے کوئی نہیں معبود ہے / دو جہاں میں ایک تو مقصود ہے
تو رہا ہر حال میں بے شریک / تو ہے واحد کون ہے تیرا شریک
وہ ملک ہے تو کیا سب سے سلوک / تابع فرمان ہیں تیرے سب ملوک
کلمہ احمد ہوا حسب تمام / بس یہ آواز آئی اوسدم لا کلام
تو ہو مقبول خدا ہے بے ہمال / تو حبیب رب ہے نور با کمال
اسکے محمد بہترین کائنات / بادشاہ محسنین و محسنات
ہے رسول حق شفیع المذنبین / شمع بزم اصطفا مصباح دین
امتی ہیں حشر میں خیر الوریٰ / تیری امت امتوں نسے ہے سوا
بعد گفتگو بعد این گفت و شنید / جوہرے زان نور حضرت آفرید
خالی حکمت سے نہیں فعل حکیم / قدرت رب سے ہوا جوہر دو نیم

آرزو پوری خوشی حاصل ہوئی ۔ یک بیک وحی خدا نازل ہوئی
گر نہوتا سرورِ عالی حشم ۔ تو یہی یان پیدا نہوتا لوح و قلم
سب کو جلوا دیا اوسکے لئے ۔ خلق کو پیدا کیا اوسکے لئے
ہے برائے دوستان شاہ بشیر ۔ اور عدو نکے واسطے ہر دم نذیر
بہر ظلمت نور بخشندہ چراغ ۔ اور شفیع خلق ہے عالی دماغ
نائب حق صاحب تکریم ہے ۔ دوست میرا واجب التعظیم ہے
نام حضرت سے حلاوت جب ہوئے ۔ عرض کی کیا کیا نہ فرحت اب ہوئے
السلام ای شاہ ذیشان السلام ۔ السلام ای نور یزدان السلام
گرچہ یاد حق میں تھے عالی جناب ۔ رحمت و شفقت سے فرمایا جواب

علیک السلام منی و رحمۃ اللہ و برکاتہ

مستحب اوسدن سے ہے کرنا سلام ۔ اور جواب اوسکا ہے واجب لا کلام
پھر ہوا حکم خدا پھر قلم ۔ چاہیے ہر دم سر تسلیم خم
لکھہ اوسے ہونا جو ہے شام و سحر ۔ لکھہ مرا امر قضا امر قدر
آج ہی سب بن تامل ہو رقم ۔ تا قیامت جو کریں ایجاد ہم
الغرض مرقوم اور مسطور تھا ۔ جو خدائے پاک کو منظور تھا
ہر طرف کو عیش کا سامان ہوا ۔ خالق مختار کا فرمان ہوا
رحم کے سامان ہویدا ہون ابھی ۔ یان فرشتے چند پیدا ہون ابھی
جلوۂ قدرت نظر آنے لگے ۔ کچھ ملک باکر و فر آنے لگے
الغرض اون سب کو جب پیدا کیا ۔ رب واحد نے یہ تب عہد ا دیا
مصطفےٰ پر اور اونکی آل پر ۔ بخطر بھیجو درود آٹھون پہر
اور ہیں جو شیعیان مصطفےٰ ۔ عاشقان خاندان مصطفےٰ
اونکے خاطر ہو دعائے مغفرت ۔ پیش حق ہیں مستحق مرحمت
تا قیامت اس سے تم غافل نہو ۔ اپنے خالق کی حفاظت میں رہو

السلام علیک یا رسول اللہ

ہی یہہ قول راوی نیکو سرشت
نور حضرت سے کیا پیدا بہشت

باعث رحمت یہہ کیفیت ہوئے
چار وصف یعنے عطا زینت ہوئے

یعنے تعظیم و جلالت کو دیا
پھر امانت اور سخاوت کو دیا

سربسر آراستہ جنت کئے
دوستون اور اہل طاعت کی لیئے

کہتے ہین اوٹھا جو پانی سے دہوان
ہو گئے طیار ساتون آسمان

مجتمع تھا جسقدر پانی پہ کف
اپنی قدرت سی اوسی بخشا شرف

منقلب وہ صورت زمین ہوئی
یعنے اوس سے سب زمین پیدا ہوئی

تا نہ کشتی سی ٹھہرے آب پر
اوس زمین کو فوق تھا سیماب پر

باعث جنبش تہا رعشہ بی شمار
یعنے دریا مین نہ ممکن تھا قرار

اسلیے پیدا کئے خالق نے کوہ
تا زمین کو تہام لین با صد شکوہ

پھر خدا نے اک ملک پیدا کیا
سب زمین کو دوش پر اوسنے لیا

یک بیک ظاہر ہوا سنگ عظیم
اوس فرشتے کو کیا اوس پر مقیم

پھر کیا گاو زمین کو جلوہ گر
اور رکھا سنگ اوسکی پشت پر

بعد ازان پیدا ہوئی مچھلی جو ہین
اوس پہ استادہ ہوئی گاو زمین

جوشش مین ہر بحر رحمت بیحساب
حوت نے پائی جگہہ بالاے آب

پانی بالاے ہوا ہے برقرار
اور ہوا بالاے ظلمت آشکار

تحت ظلمت قدرت اللہ ہے
کون اوس سے غیر حق آگاہ ہے

دفعۃً پھر اسطرح قدغن کیا
عرش کو دو نور سے روشن کیا

ایک نور فضل دیگر نور عدل
تا نہ کسر ارہے مذکور عدل

کیا عجب زینت پہ گر زینت ہوئی
چار شی کی فضل سے خلقت ہوئی

ایک ہی گر عقل ثانی حلم ہے
پھر سخاوت اور چہارم علم ہے

ہی یہہ قول عاشق رب کریم
عقل سے پیدا کئے ہین حور و نعیم

قادر و مختار ہے ذو الکبریا
علم سے پیدا کی خوشنودی رضا

جابجا سے جھکے لی ایک ایک مشت — کچھہ زمین سے خاک لی نرم و درشت
کیون نظر آتین نہ ساماں مختلف — ہین اسی سے رنگ انسان مختلف
الغرض جب خاک عزرائیل لائے — یہہ صدا آئی کہ کیونکر لیکے آئے
کیا زمین کے حال پر آیا نہ رحم — اون فرشتون کی طرح کہایا نہ رحم
جب سنا اوس صاحب تبجیل نے — عرض کی اوسوقت عزرائیل نے
کب زمین کی معذرت مرغوب تھی — رحم سے تیری اطاعت خوب تھی
جب مطیع حکم یون پایا اوسے — وحی سے ممتاز فرمایا اوسے
ہو ارادہ ای سعید خوش صفات — ہون بشر ایسے میان کائنات
اونمین کچھہ ہون انبیائے مرسلین — اور کچھہ ہون اوصیائے پاک دین
کچھہ تو ہون خاصان رب کائنات — اور کچھہ ہون اشقیائے بد صفات
اسطرح محکوم یزدان ہو تو ہی — اونکے خاطر قابض جان ہو تو ہی
پھر ہوا حکم خدا جبرئیل کو — جلد لا اوس خاک کو اے نیکخو
جسکے باعث سے ہوئی پوری امید — فضل رب سے ہی جو نورانی سفید
طینت پاک رسول اللہ ص سے — نام جسکا احمد ذیجاہ سے
اصل ہو ہر ایک خوش اوقات کی — اصل ہو لاریب مخلوقات کی
سنکے حکم رب ہوئے اوسدم رواں — حضرت جبرئیل با کروبیاں
وہ ملائک لیکے خو ہمراہ تھے — جو مقرب اور بہت ذیجاہ تھے
جو کہ تھے درگاہ رب مین باریاب — صادقین مشہور تھا جنکا خطاب
اور تھا تسبیح خوان جنکا لقب — ساتہ تھی جبرئیل کے با صد ادب
الغرض یکبارگی پہونچے وہان — ہی ضریح پاک حضرت کی جہان
اسطرح مرقوم ہی آئی خوش تپاک — لی وہانسے ایک قبضہ خاک پاک
تھی مدد کو رغبت رائے منیر — ساتہ پانی مین کیا اوسکو خمیر
ایک پانی تھا اگر تسلیم کا — دوسرا تھا پیمان تعظیم کا

آپ رحمت آپ نکوئی بیگمان | آپ خوشنودئ رب دو جہان
اہمحبان رسول دوسرا | آپ تکریم اور آپ عفو تھا
سر حضرت کا ہدایت سے بنا | سینہ پر نور شفقت سے بنا
ہاتھہ پر اک کر سخاوت سے بنا | فرج اطہر اونکا عفت سے بنا
کر شرف سے پانون وہ پیدا کئے | مرتبے درجے عطا کیا کیا کئے
گو نہین آسان بیان رہئے خوش | تھے نفسہائے محمد ہوئے خوش
اسطرح جس وقت طینت بن چکی | طینت آدم مین پہر مخلوط کی
جب جسد آدم کا بالکل بن چکا | تب فرشتون کو ہوئے وحی خدا
پہر گل مین در لئے امداد ہم | اک بشر کو کرتے ہین ایجاد ہم
سب اطاعت پر رہین چالاک چست | روح پہونکین جب اوسے کر کے درست
اوسگہری سارے ملک با صد نیاز | سجدۂ تعظیم سے ہون سرفراز
جب یہہ رتبے خاص یزدان کے ہوئے | مشورے تعمیل فرمان کے ہوئے
جسم آدم کر چکے طیار جب | لائے اوسکو گلشن جنت مین تب
شان آدم کے مقر تھے سب ملک | حکم رب کے منتظر تھے سب ملک
یعنی جب اوس سمت سے مامور ہون | سجدہ کر کے خرم و مسرور ہون
جان آدم کو ہوا حکم خدا | جسم اطہر کو کیا تجھکو عطا
روح نے دیکھا مکان تنگ جب | جانئے سی وان آیا عار و ننگ تب
تنگی اوسکی مانع و حائل ہوئی | مضطرب ہو کر نہ وہ داخل ہوئی
خوف رب سے غم یہ غم سہنے لگی | یون زبان حال سے کہنے لگی
اس مقام تنگ کیسے انکار سے | پہر مسکن جائے استغفار سے
حکم رب آیا کراہیت سے جا | اور باہر تو کراہیت سے آ

ذکر دخول روح آدم در جسم

روح جب آنکھون مین پہونچی جیطا | ہو گیا نور بصر عین عطا

قدرت رب دوعالم ہی عیان — حضرت صادق سے کرتے ہیں بیان

روح آدم سو برس تک سر میں تھی — سو برس تک سینۂ اطہر میں تھی

کیا کہوں ان کن مکانوں میں رہی — سو برس تک اونکی رانوں میں رہی

سو برس تک پایزانوں میں مقام — سو برس قدموں میں رہنے سے تھا کام

سب سے ہمت جب وہ آمادہ ہوئی — تب بحکم حق اوٹھکے استادہ ہوئی

تھا عروج خاصۂ رب ودود — سب ملائک کو ہوا حکم سجود

جب یہ ساماں پھر آن دی رتبہ تھا — ظہر کا تھا وقت روز جمعہ تھا

یوں ملک باصد ادب سجدے میں تھے — تا بوقت عصر سب سجدے میں تھے

پشت اقدس سے سنی ایسی صدا — بولتے ہیں جیسے مرغ خوش نوا

جب نہ ظاہر اوسکی کیفیت ہوئی — حضرت آدم کو یہ حیرت ہوئی

عرض کی اے خالق جن و بشر — کون ہے خاص الٰہی پشت پر

کس حضور قلب سے باصد صفا — شغل ہے تسبیح اور تقدیس کا

یوں سروش غیب سے آئی ندا — ہے یہ تسبیح محمد کی صدا

ہے وہ سردار سپاہ طاہرین — بہترین اولین و آخرین

ہے سعادت اوس نکو اطوار کی — جسکو الفت ہے شہ ابرار کی

اوسکو روز حشر جنت سے ہے کام — جسکو حضرت کی اطاعت سے ہے کام

جس مخالف کو ہے عصیان کا مرض — اوس لعین کو ہے شقاوت کا مرض

پیش خالق عہد و پیمان چاہیے — مرتے مرتے پاس ایمان چاہیے

با حفاظت اسکو رہنے دیجیو — بے محل بیجا نہ ضایع کیجیو

عورتیں ہوں جو عفیفہ طیبہ — صادقہ اور مرضیہ ذی مرتبہ

باعث راحت اونہیں کو جانیو — قابل صحبت اونہیں کو جانیو

منجلی ہو تم پہ اسرار خفی — جو ہو رحم ہوں پاک و طیب اور صفی

پس اونہیں کو سونپیو اس نور کو — شاد رکھیو خاطر مسرور کو

جو ہوئے پیدا جہان مردان پاک ‏ لائق اسکے ہین وہی ای خوش تپاک
صلب پاکیزہ ہین جو ابرار کے ‏ مستحق ہین نور خوش کردار کے
عرض کی آدم نے ای پروردگار ‏ بڑھ گیا اسکے سبب سے اقتدار
ہی لطافت بخش یہہ نور لطیف ‏ باعث عزت ہے مولود شریف
اوج سے اسکے ہوا اوج کمال ‏ ہی بدولت اسکے یہہ حسن و جمال

ذکر خلقت حضرت حوا علیہ السلام

جو کہ آدم سے تھی طینت زائدہ ‏ کم نہ تھا اوسکے سبب سے فائدہ
منکشف یون راز پنہان ہو گیا ‏ خلقت حوا کا سامان ہو گیا
خواب کو آدم پہ مستولی کیا ‏ پھر حوا کو خلعت ہستی دیا
استراحت سے ہوے بیدار جب ‏ پائے رحمت کے دریچہ آثار تب
اوٹھتی اوٹھتی اسطرح آیا نظر ‏ ایک عورت ہی سرہانے جلوہ گر
پوچھا آدم نے بتاؤ کون ہو ‏ حال کچھ اپنا سناؤ کون ہو
بولے فضل خالق علام ہے ‏ ای نکو انجام حوا نام ہے
حق تعالے نے کرم کیا کیا کیا ‏ مجھکو تیرے واسطے پیدا کیا
بولے کیون بہتر نہو صحبت تری ‏ شک نہین کیا نیک ہی خلقت تری
جب کہا یون آدم ذیجاہ نے ‏ اسطرح تب وحی کی اللہ نے
تو سراسر بندہ یہہ ہی میری کنیز ‏ غیر سے ہمجنس ہوتا ہی عزیز
تجھکو اوس گھر کے لئے پیدا کیا ‏ نام ہی جسکا بہشت پر ضیا
چاہیے پاکیزگی کا میری پاس ‏ ہو سدا اور د زبان حمد و سپاس
دل سے طاعت خالق یکتا کی کر ‏ خواستگاری حضرت حوا کی کر
مہر اوسکا دیکے دلکو شاد رکھ ‏ اوسکے دم سے اپنا گھر آباد رکھ
بولے اوسدم آدم ذو الاقتدار ‏ مہر کیا ہی اوس کا ای پروردگار
مہر حوا کا جو پوچھا مسئلہ ‏ حق تعالے نے کہا دس مرتبہ

بھیج ای آدم محمد پر درود — اور اوسکی آل امجد پر درود
عرض کی اسمین نہ حجت چاہیے — اسطرح یاد اشت نعمت چاہیے
کیا تری رحمت ہی با ہوش وحواس — زندگی بھر کیجیے شکر وسپاس
مہر دینے پر جو وہ راضی ہوا — خالق مختار خود قاضی ہوا
دی اجازت صاحب تحصیل نے — عقد دونوںکا پڑہا جبریل نے
یک بیک کیا کیا ہوا فضل اله — سب مقرب اور ملائک تھے گواہ
مقصد آدم جو یان پورا ہوا — ساکنان چرخ مین شورا ہوا
قدسیو گلگشت جنت کو چلو — نور خالق کی زیارت کو چلو
کہکے یہہ راہی ہوے سوے بہشت — پاس آدم کے گئے نیکو سرشت
جب زیارت پر وہ آمادہ ہوگئے — پشت کی جانب کو استادہ ہوئے
بولے اوسدم آدم عالی تبار — کیا سبب ہی اسکا ای پروردگار
مجتمع ہوکر ملک آتے ہین جب — پشت کی جانب کہڑے ہوتے ہین سب
وحی آئی اسطرح ای ذیشرف — اس سبب سے سب کہڑے ہین اوسطرف
رتبہ بخشا صلب مخزطور کو — منتقل ہمنے کیا ہے نور کو
عرض کی آدم نے ای رب علا — پشت پر نور محمد کی ہو جا
کیجیے ہم مضطرب خاطر رہین — سب فرشتے سامنے حاضر رہین
نور رب آیا سپہر اوج پر — دیکھا آدم کی جبین پر جلوہ گر
جمع تھے جو نور حضرت کے لئے — سامنے آئے زیارت کے لیے
سب ملائک تھے صفین باندہے ہوئے — نور کے مد نظر جلوے ہوئے
پھر یہہ آدم نے کہا ای بے نیاز — نور رب سے گو جبین ہی سرفراز
او جھل آنکھون سے رہی ہے دلکو شاق — ہی زیارت کا مجھے بھی اشتیاق
دیسی جا پر چاہیئے اسکا مقام — جلوہ گر ہو میرے آگے صبح وشام
اب نہین ذل ماننا ہی کیا کرون — مین بھی تیرے نور کو دیکھا کرون

عرض کی یہ دینے آیا ہوں نوید
باغ عالم میں پھلا نخل امید

سوائے تھا یہ بشارت شیث کی
پھر ہوئی اک دن ولادت شیث کی

تھا جبین میں نور احمد مشتعل
مہر و مہ افلاک پر تھے منفعل

فضل رب سے شاد سب کی دل ہوئے
یک بیک روح الامین نازل ہوئے

پاس حکم خالق یکتا کیا
ماں میں اور فرزند میں پردا کیا

مختفی یون شیث ذیشان ہو گئے
کہتے ہیں آنکھوں سے پنہان ہو گئے

رفتہ رفتہ جس گھڑی بالغ ہوئے
ہر کمال و فضل سے فارغ ہوئے

باپ نے بیٹے کو فرمایا طلب
سامنے حاضر ہوئے با صد ادب

بولے آدم اے جگر بند صفی
بعد مدت ہو چلی سر خفی

ایک دن ہم سے جدائی ہونی ہے
قید دنیا سے رہائی ہونی ہے

ہو قرین اب اختتام زندگی
ہوئی لبریز جام زندگی

ہے ارادہ کیوں توقف کیجیے
آج ہم سے عہد و پیمان لیجیے

بعد ازان سوئے فلک جب کی نگاہ
ان کی مطلب سے ہوا واقف اللہ

ناگہان فرمان رب نافذ ہوا
اے فرشتو تم ٹھہر جاؤ ذرا

ہے یہ موقع عہد کی تصریح کا
شور و غل موقوف ہو تسبیح کا

تا ہر اک تقریر آدم کو سنے
تعبیر سر تا سر آدم کو سنے

اس طرح سے جب ہوا فرمان رب
سب ہے تائل ہو گئے خاموش سب

تھی کسی دل کو نہ اصلا فکر ہیچ
تھے نہ مرغان جنان تک نغمہ سنج

چپ کھڑے تھے حاجب نیکو سرشت
بند تھی آواز دربان بہشت

تھم گئے دریا گھٹا موجوں کا زور
نہر جاری میں نہ تھا پانی کا شور

پر سمیٹے حضرت جبرئیل تھے
اور چپ میکائیل و اسرافیل تھے

ہو گئیں غرفوں میں حوریں جلوہ گر
تھے کھڑے غلمان او تھامے اپنا سر

تھا خیال آدم عالی مقام
ہو گیا ہر ایک مشتاق کلام

محو دیکھنے صاحبان ہوش تھے — اور فرشتے سب ہمہ تن گوش تھے
ہو چکا جب ہر طرف کو انتظام — پھر آدم تب ہوا اہل کلام
یعنی ای شیریں سخن رطب اللسان — جو بیان کرتا ہی تجھکو کر بیان
منتظر سب صاحب اخلاق ہین — ہم تیری تقریر کے مشتاق ہین
عرض آدم نے کیا ای بے نیاز — تو نے فرمایا ہی مجھکو سرفراز
تھا مشیت کا جو تیری اقتضا — تو نے مجھکو اوس طرح پیدا کیا
خوش رکھا ہر وقت خوش اوقات سے — روشنی بخشی قمر جون رات کو
کہدیا [illegible] اللہ سحر [illegible] — لی عطا دلکو ضیا خورشید کی
بیگمان تو نے مجھے سونپا وہ نور — جس سے ہی کیا کیا کرامت کا ظہور
تیری قدرت سے وہ رتبے پائے مین — معجزے شام و سحر دکھلائے ہین
سرفراز اوس سے جبین شیث ہی — عشق اوسکا دلنشین شیث ہی
ہی ارادہ کوئی حجت رہ نجائے — مرتے مرتے دل مین حسرت رہ نجائے
دیکھے مجھکو ایسا نور پر ضیا — عہد و پیمان جس طرح تو نے لیا
مین بھی اقرار اوس طرح لون شیث سے — بعد ہر دن مطمئن ہون شیث سے
جب کلام حضرت آدم سنا — عالم بالا سے تب آئی ندا
اشکار ار از پیمان کیجے — ہی مناسب عہد و پیمان لیجے
بات یہ منظور ہو جب شیث کو — کیجے اپنا وصی تب شیث کو
ہو نہ ضایع حرمت نور الاہ — حور و غلمان سب ملائک ہون گواہ
پھر ہوا حکم خدا جبریل کو — جاؤ لیکر ساتھ میکائیل کو
جب بتاکید اس طرح فرمان ہوا — ہر طرف کو کوچ کا سامان ہوا
تا کہ ہو پھر زمین اوج فلک — ہو گئی طیار سب فوج ملک
جب چلے روح الامین با صد وقار — تھے جلو مین سب ملک ستر ہزار
رعب کو تھا محرز افلاک سما مین — نور کے سجے لئے تھے ہاتھ مین

گو نہ تھے تلواروں کو تولے ہوئے | تھی جلو میں بیرقیں کھولے ہوئے
ہاتھ میں جبرئیل کے تھا اک قلم | اور حریر پر ضیا بہر رقم
خدمت آدم میں آئے سب گھڑی | بولے خالق کی عنایت ہے بڑی
منتظر جنت ہے اے عالی مقام | جانب اللہ سے پہونچی سلام
لیجئے کاغذ کو اے عالی ہمم | عہدنامہ لکھنے حاضر ہے قلم
ہو محق لطف الٰہی کے لئے | سب ملائک میں گواہی کے لئے
الغرض نامہ کیا تحریر جب | ثبت کی روح الامین نے مہر تب
پھر کہا اے شیث ذیشان لیجئے | پاس اپنے اسکو رہنے دیجئے
اس طرح معروض خدمت جب کیا | عہدنامہ شیث ذیشان نے لیا
ہو رقم جب واں پر آئے تھے ملک | سرخ دو جامے بھی لائے تھے ملک
عرش کی مہر خدا اذرات سے | روضہ رضوان کی یہ سوغات ہے
جانتا ہے رب عزت آپکو | لیجئے بھیجا ہے خلعت آپکو
کہکے یہ پہنا دیا تب شیث کو | پایا سب نے شاد و خوش تب شیث کو
سرخ آور گلنار سب پوشاک تھی | مطلع انوار سب پوشاک تھی
سارا جامہ قدرت غفار تھا | جب کہا طیار ہو طیار تھا

ذکر عقد شیث با محاد ایضاً

تھا جبیں شیث میں نور الٰہ | جلوہ فرما اتنی شام و پگاہ
آئی جنت سے جو بیضا حوریہ | مہ جبین و نازنین ذی مرتبہ
حضرت جبریل سے کرکے صلاح | شیث نے اوس سے کیا اپنا نکاح
الغرض خلوت میں جب صحبت ہوگئے | حاملہ تب صاحب عفت ہوئے
دل کے آئینے نے یوں پائی جلا | نور رب پاک بیضا کو ملا
حکم رب سے دی منادی نے ندا | نور احمد تجھکو اے بیضا ملا
جب خدا کا فضل ہو گیا خوف و باک | ہو مبارک دولت اولاد پاک

جب اوس سے جبیں پیدا ہوا
دیکھکر اوس نور کو شیدا ہوا

جب خدائے پاک نے بالغ کیا
عہد و پیمان شیث نے اوس سے لیا

حسب آئین نور پاک مصطفیٰ
منتقل پھر صلب قینان میں ہوا

اونسے مہلائیل نے پایا وہ نور
اونسے پھر یارد کے پاس آیا وہ نور

اونسے پھر اخنوخ با تقدیس نے
یعنے پایا حضرت ادریس نے

اونسے متوشلخ نے پایا نور رب
پایا پھر لامک نے باشان عجب

اونسے پایا نوح نے نور خدا
اونسے پایا سام نے باصد صفا

اور ارفخشد نے پایا سام سے
اونسے پایا شالخ ذیجاہ نے

اونسے عابر اونسے فالغ کو ملا
پھر ہوا وہ نور ارغو کو عطا

پایا تھا عابر ہود پیغمبر کا نام
پایا تھے ارغو ہو فرخندہ مقام

پھر ملا شاروخ اور ناخور کو
بعد ازان تارخ نے پایا نور کو

سو سے ابراہیم آیا جب وہ نور
صلب اسمٰعیل میں پایا ظہور

پایا اسمٰعیل سے قیذار نے
اور پایا حمل نے قیذار سے

اونسے نابت کو کیا حق نے عطا
بعد ازان اونسے سلامان کو ملا

پھر ہمیسع کو ملا باصد وقار
پھر اُدد نے پایا نور کردگار

اُدّ کو پھر اونسے بخشا اقتدار
صلب عدنان سے ہوا پھر آشکار

پھر معد کے صلب میں پایا قرار
پھر ہوا وہ زینت پشت نزار

وہاں سے آیا جانب صلب مضر
پایا پھر الیاس نے باصد ہنر

ہیں یہ وہ نیکو شیم عالی ہمم
جنکو تھا حد سے سوا پاس حرم

سمجھے بیت اللہ کو جائے امان
سب سے پہلے بھیجی قربانی وہاں

پشت سے سنتی تھے حضرت کی صدا
آتی تھی شاہ رسالت کی صدا

یاد رب پاک میں پایا کبھی
کلمۂ لبیک فرمایا کبھی

تھا قریب مدرکہ گاہے وہ نور
گاہ خزیمہ پاس فرمایا ظہور

آیا گہہ صلب کنانہ کی طرف
گہہ نضر کے واسطے بخشا شرف

گاہ آیا مالک ذیشان کے پاس | گاہ عبد بندۂ یزدان کے پاس
گاہ نضر شاہ غالب امتیاز | گاہ لوی اوس سے ہوئے تھے سرفراز
صلب کعب و صلب مرہ کی پسند | گاہ گیا سوئے کلاب ارجمند
آیا گہ سوئے قصی قلب صاف | گاہ آیا جانب عبد المناف
نیک طینت عاشق اللہ تھے | سب قریشوں میں بہت ذیجاہ تھے
دین برحق سے ہمیشہ کام تھا | کہتے ہیں انکا مغیرہ نام تھا
کیون نکرتے اونکی عزت شیخ و شاب | حامل دین محمدؐ تھے جناب
زید بھی تھا انکے والد کا جو نام | اور مجمع کہتے تھے سب خاص و عام
جو کہ کاہن اور منجم تھے تمام | دیکھکر انکو یہہ کرتے تھے کلام
ایکدن یون فضل داور ہوئیگا | نسل سے انکی پیمبر ہوئیگا

بیان سطیح کاہن کہ از قبیلہ بنی ربیب بود

کاہنون میں ایک کاہن تھا سطیح | مخبر احوال باطن تھا سطیح
اوسکے آگے اور سب تھے زیر دست | اوسکا کہنا مانتے تھے بت پرست
اپنے فن میں تھا نہایت نامور | اوسنے بھی دی تھی پیمبر کی خبر
گرچہ انسان تھا ہیئت تھی عجیب | قول راوی ہے کہ خلقت تھی عجیب
جب ہوا پیدا اسیل العرم میں | تذکرے رہتے تھے ہر ایک بزم میں
کام بستر سے اوسے تھا رات دن | کہتا ہے راوی نہایت تھا مسن
قرن گذرے تیس سے بھی جب سوا | تب ہوا ایک اجل سے سامنا
اس طرح پر صاحبان فہم و عقل | دلبر عباسؓ سے کرتے ہیں نقل
راست گو نے سنا کب ہے غلط | گوشت سے پیدا ہوا تھا وہ فقط
تن میں نرمی کے سوا سختی نہ تھی | جز سر و گردن کہیں ہڈی نہ تھی
دیکھو شان خالق علام کو | تھی نہ کوئی رگ نہ پٹھا نام کو
[illegible] تھا سر و گردن | پاؤن سے تا سر گردن تھا نرم

یون لپٹا اوسکے تن کو بار ہا — جس طرح کوئی لپیٹے بوریا
ہلنے پھرنیکی اوسے طاقت نہ تھی — جز زبان کے جسم کو حرکت نہ تھی
پوچھتے گر حال آئندہ بشر — قبل بارہ سال سے دیتا خبر
پاس اپنے گر اوسے بلواتے تھے — لوگ اوسکو اس طرح لیجاتے تھے
پہلے تو اوسکو لپیٹا [illegible] — بعد اوسکے کسکے باندہا [illegible]
تا بنایا چوب خرما سے پلنگ — لیچلے اوسکو لٹا کر بیدرنگ
گر مہم درپیش پاتے تھے قریش — اوسکو مکے مین بلاتے تھے قریش
تا رہے باقی نہ کوئی شک و ریب — سب کرین دریافت اوس سے حال غیب
جب ہوئی وان شہرت عبدالمناف — اور دیکھی شوکت عبد المناف
کوئی خوش تھا اور کسیکا تھا ہراس — آئے اہل مکہ اوس کاہن کے پاس
یکزبان ہوکر کہا فرقت ہے شاق — کھینچ لایا ہے تمہارا اشتیاق
آئے ہین ہم سب زیارت کے لیے — حاضر خدمت ہین خدمت کے لیے
فرد ہو لاریب خلق و عالم مین — شہرۂ آفاق ہو تم علم مین
تجھسے ہر غائب کا ملتا ہے پتا — کیا ہمارے عہد مین ہوگا بتا
منکشف راز نہان کیا ہوئیگا — بعد ہم سبکے یہان کیا ہوئیگا
سن چکا اونکے سخن کو جب سطیح — اس طرح اُن سب سے بولا اب سطیح
گرچہ ہو قوم عرب مین ذی شرف — جہل مین مشہور ہو تم ہر طرف
فکر عقبیٰ کی بجز دنیا نہین — تمکو عقل و علم سے بہرا نہین
بعد تم لوگونکے ہوگا اک گروہ — طالب علم و عمل با صد شکوہ
بتکدے تا بت چھوڑیگا ضرور — سب بتون کو آکے توڑیگا ضرور
جو سلاطین عجم گمراہ مین — بت پرست و دشمن اللہ مین
اوسکے باعث سے وہ سب ہونگے ہلاک — ملک ہر اک کا [illegible] ہوگا پاک
سب یہہ بولے کیون ابھی خاموش ہو — کس جماعت سے وہ ہوگا سچ کہو
بولا کاہن خانۂ حق کی قسم — ہوگا تم سب مین سے وہ عالی ہمم

سب موحد ہونگے اوسکی فوج مین ۔ کوئی بھی ہوگا نہ ہمسر اوج مین
خالق عالم کو واحد جانیگا ۔ قول مشرک کو نہ اصلا مانیگا

طاعت شیطان سے رکھیگا عار ۔ ساجد اللہ ہونگے سرفراز
ناصرون کو اپنے سمجھیگا عزیز ۔ ہوگی اوس سے باطل و حق مین تمیز

اہل مکہ نے کہا اے ذیشعور ۔ پائیگا کس نسل طاہر سے ظہور
شان رب سے کہدیا کاہن نے صاف ۔ جو ہے نسل طیب عبد مناف

جب وطن پہونچا کہا مکہ کا شہر ۔ پاک و طیب مولد یکتائے دہر
ہوگا سرور اوسکا جو نیکو شعار ۔ خوف کیا اوسکو وہ ہوگا رستگار

بیان عقد عبد المناف با عاتکہ و ولادت ہاشم و چند فضائل ایشان

الغرض ای اہل دین با صد صلاح ۔ عاتکہ سے جب ہوا اونکا نکاح
شاد و خوش تھے اقربا سب ہمدگر ۔ فضل خالق سے ہوا آباد گھر

پاسے جسم ہم بلبل و گل ایک جا ۔ بارور نخل تمنا تب ہوا
نقل ہے پیدا جو بطن طیب مین ہو نور ۔ ہوگا اوسکا صلب ہاشم مین ظہور

[illegible] ۔ جلوہ گر ہو مہر سے مہ جبین
عاتکہ سے الغرض پیدا ہوئے ۔ دیکھکر چھوٹے بڑے شیدا ہوئے

گود مان کی جسکے تھی آباد کی ۔ دہوم تھی ہر سو مبارکباد کی
عورتین ہر وقت گھیرے رہتی تھین ۔ دہمدم لیکر بلائین کہتی تھین

آئینہ تک اوسکے رخ سے ماند ہے ۔ ماہ پیکر چودہوین کا چاند ہے
جب ہوئے سن مین سوا رشد بڑے ۔ باعث فضل خدا رتبے بڑے

رخ پہ دو گیسو بصد تجمیل تھے ۔ مثل گیسوہائے اسمعیل تھے
اور نمایان ساطع تھا جو نور احمدی ۔ کہتے تھے سب ہے یہ شان ایزدی

کس جگہ اونکا نہ وان مذکور تھا ۔ تا فلک عکس رخ پر نور تھا
گہر سے تھے جب جانب مسجد گذر ۔ ہوتی تھی ہر ایک کی خیرہ نظر

یاد آجاتے تھے شعلے طور کے — تا فلک جاتے تھے لکے نور کے

سرد آہیں دشمن رب بھرتے تھے — اہل مکہ سب تعجب کرتے تھے

حاسدوں کے دل حسد سے تھے بھرے — کاہنوں میں ہمد گر تھے مشورے

سب بیان کرتے تھے اوصاف نبی — علم و فضل و عدل انصاف بھی

کاہنوں میں جو نہ در پر آتے تھے — مضطرب ہو کر وہ باہر آتے تھے

جو قبائل تھے عرب کے جابجا — آئے مکے میں بڑا مجمع ہوا

دھیان تھا کیا گھر میں خلوت کیجیے — چلکے ہاشم کی زیارت کیجیے

بت رہ اسلام کے جو یا ہوئے — قدرت اللہ سے گویا ہوئے

تھا پسند انکو جو حضرت کا بیان — کرتے تھے اونکی فضیلت کا بیان

کر وہ گذرے جانب سنگ و کلوخ — دی ندا سر ایک نے با صد رسوخ

مژدۂ اکرام و عزت ہو جیو — تمکو ای ہاشم بشارت ہو جیو

ہر زیادہ دمبدم فضل الاہ — تیری ذریت سے ہیں طالع رسا

ہوگا اوس سے اک پسر خیر البشر — ہر اوسے کا نور تجھسے جلوہ گر

خاصۂ رب بہترین سروران — ہے محمد خاصۂ پیغمبران

جانب ظلمت اگر جاتے تھے وہ — روشنی جلودں طرف پاتے تھے وہ

ایکدن عبد المناف خوش صفات — کہتے تھے ہاشم سے ہنگام وفات

اے پسر ہم تمسے رخصت ہوتے ہیں — راہئے گلزار جنت ہوتے ہیں

باپ کو ممنون احسان کیجیے — اس طرح پر عہد و پیمان کیجیے

جو زنان مسلمہ ہوں صالحہ — عقد سے تیرے وہ پائیں مرتبہ

جو رحم ہوں پاک و طیب ای پسر — اوسمیں ہو نور الٰہی جلوہ گر

حکم انکا گوش دل سے سن لیا — باپ سے اقرار ہاشم نے کیا

آئے اکثر بادشاہوں کے پیام — اور تحفے بعد پیغام و سلام

مال و زر بھیجا بہت با صد صلاح — تا کریں ہم اونکی دختر سے نکاح

کہتے ہیں سب ہاشم ذیشان غیور / آتے تھے ہر روز کعبے میں ضرور
باحضور قلب کرکے دلکو صاف / کرتے تھے وان سات دن پیکان طواف
تھے نثار اُن زینہائے کعبہ سے / تھے لپٹتے پردہائے کعبہ سے
جو کوئی بہر ملاقات آتا تھا / اونکی صحبت مین وہ راحت پاتا تھا
بارہا ہر کونکی دعوت کرتے تھے / میہمانونکی ضیافت کرتے تھے
گر کوئی آیا برہنہ اونکے پاس / بے تامل اوسکو پہنایا لباس
گرسنہ کو گر کھلاتے تھے طعام / تشنہ لب کو دیتے تھے پانی کا جام
قرضدارون کا ادا کرتے تھے قرض / جانتے تھے دعوت درویش فرض
اسقدر تھی بخشش و شفقت پسند / ہا دہدار دیہ در کرتے نہ بند
یون کرم کا عقدہ تازہ کھلا / تھا سخی کا سب پہ دروازہ کھلا
کون ایسا تھا جو وان آتا نہ تھا / پر کوئی محروم پھر جاتا نہ تھا
گر ولیمہ کا وہ سامان کرتے تھے / تب کشادہ خوان احسان کرتے تھے
سیر ہوکے کھاتے تھے سب خاص و عام / اور بچ رہتا تھا کھانے سے طعام
تھا یہ آئین موجب حکم حضور / جو بچے کھائین اوسے وحش و طیور
بادشاہ اہل مکہ تھے جناب / تابع فرمان تھے سارے شیخ و شاب
راحتین اونسے میان پاس تھین / کنجیان کعبے کی اونکے پاس تھین
ہر طرح سبکی خبر وہ لیتے تھے / آب زمزم حاجیون کو دیتے تھے
سب یہ اونکی نیکیون کا تھا صلا / عمدہ کعبے کی حجابت کا ملا
الغرض کعبے کے جتنے کام تھے / مہتمم اونکے یہ نیک انجام تھے
جو نشان فخر رکھتے تھے نزار / پاس اونکے وہ علم تھا برقرار
پاس اسمعیل کے تھی جو کمان / زیب دوش اونکی لئی تھی بیگمان
بہر ابراہیم پیراہن جو تھا / بعد اونکے انکو ورثے مین ملا
ہاشم ذیشان تھی نور العین شیث / پہونچی ورثے مین انھین نعلین شیث

بہ قدرت ہر نشان داوری
خلق کی حاجت روائی کرتے تھے
چاند ذی الحج کا جو ہوتا تھا طلوع
اونکے باعث سبکے رہتی تھی شے
کہتے تھے ای مردمان ارض پاک
فکر راحت اپنی خاطر چاہئے
تم وہ ہو جنکو خدا نے دی امان
گرد بیت اللہ رہتے ہو مکان
گر یہان آئے کوئی پیر و جوان
موسم حج ہو سو حاجی آئینگے
ہین وہ مہمان خداوند غفور
[illegible]
جب مکان دور سے آئین وہ یہان
جب قریب آئین وہ راہ دور سے
ہم اگر اونکی نہ یان کام آئینگے
آئے ہین اس شکل سے سب بیکس
ایسی حالت پر ہمین لازم ہے رحم
ہین یہی تعظیم اور تکریم کے
اونکے پاس جا جیان بیٹھو
الغرض ہاشم کی سن لیکے کلام
جو قریشون مین غنی تھے اور کریم
خادم ہر کرم چالاک وچست
مستعد جو جو ہوتے تھے
ہاتھ آئی نوح کی انگشترے
راتدن مشکلکشائی کرتی تھے
کرتے تھی پند و نصایح تب شروع
جمع کرکے سبکو خطبہ پڑھتے تھے
ایکدن تم سبکو یان ہونا ہے خاک
زاد رہ بہر مسافر چاہیے
چاہئے ہر دل کو رکھو شادمان
[illegible]
جانو تم سب لوگ اپنا میہمان
مومن و دیندار حاجی آئینگے
[illegible]
اس کرامت کے لئے مخصوص ہو
چاہئے تم سبکو پاس میہمان
تم نہو غافل ہر اک رنجور سے
اس طرح اسجادہ راحت پائینگے
گرد آلودہ حزین ژولیدہ مو
اونکی غربت پر ہمین لازم ہے رحم
لطف و رحمت ہدیہ تسلیم کے
تم گرامی ہو خدا کے روبرو
ہوتا تھا یا ہین ملکہ انتظام
کرتے تھے حاضر زر و مال عظیم
حوضہائے پوست کرتی تھی درست
آب زمزم سے وہ مملو رہتے تھے

تا نہ مدے پیاس کے حاجی صفین | جابجا سیراب راحت سے رہین
اسطرح اون سب کی دعوت ہوتی تھی | روز ہفتم سے ضیافت ہوتی تھی
تھی یہہ ساماں عہد خوش اوقات مین | کہانا جاتا تہا منا عرفات مین
اک برس کعبے مین حسب اتفاق | قحط سے تھی زندگی ہر اک کو شاق
ناگہان ایام حج آئے قریب | مفلسی سے حال تہا سبکا عجیب
ہاشم ذیشان نے خود ساماں کیا | بیچنے کا اونٹوں کے فرمان دیا
ساربان سب لے گیا با بیں شام | پہر خرچ حاجیان بیچے تمام
قیمت اونکی اس طرح تقسیم کی | اپنی خاطر قوت یکشب بہی نہ لی
مطمئن فاقون مین خلقت ہوگئی | ہمت ہاشم کی شہرت ہوگئی
تہا جو نجاشی حبش کا بادشاہ | ملک گیر و صاحب فوج و سپاہ
اور قیصر بادشاہ روم تھا | ایک حاکم سب جہان محکوم تھا
پہر بہی اون دونوں کو جب انکی خبر | چاہی رسم وراہ بہیجے نامہ بر
اپنی عز و جاہ کی پروا نہ کے | اس سوا کچھ اور استدعا نہ کی
دختروں سے اونکی فرمائیں جو عقد | نور رب ذو المنن ہو مہر نقد
کاہنوں اور عالموں سے تہا سنا | صلب ہاشم مین ہے نور مصطفی
کی بظاہر اسمین تہی دولت حصول | کی نہ ہاشم نے کوئی نسبت قبول
الغرض آپس مین کرکے مشورے | ایک دختر کی نجیب قوم سے
دولت اولاد کو خالق نے دی | پر تمنای دلی پوری نہ کی
اک اسد فرزند تہا اور اک عمر | اک صفی لخت جگر تہا اک مضر
یون لکہا ہے دختریں بہی چار تہین | صاحب عفت نکوالطہار تہین
ایک تہا اک خلادہ نیک خو | اور یعصوب و رقیہ ماہرو
تہا جبین پاک ہاشم مین وہ نور | اور صلبوں مین نہ فرمایا ظہور
کہتے ہیں ہاشم تھے کہ سے جب | گر کچہ فرزند خالق نے عطا

کیا مشیت اور کیا اسرار ہے
کیا کہون کیا مرضئ غفار ہے

کس سبب سے دل حزین ہوتا نہین
منتقل نور جبین ہوتا نہین

ایک شب کو گرکے کعبے کا طواف
کی دعا اس طور سے باقلب صاف

یا الٓہی ہو عطا ایسا پسر
جس مین ہو نور پیمبر جلوہ گر

کہکے یہ تا دیر وہ روتے رہے
رنج و غم مین جان کو کہوتی رہے

ذکر خواب ہاشم

یک بیک فضل خدا کیا ہوگئے
سو گئے باب اجابت وا ہوگئے

خواب مین آواز ہاتف کی سنی
کہہ رہا ہے جانب رب سے کوئی

فکر کیا ہے غم نہ اتنا کیجئے
خواستگاری بہر سلمیٰ کیجئے

دختر عمرو ابن زید اور کون ہے
غور تو کیجئے اوس سے بہتر کون ہے

پاک و پاکیزہ گناہون سے بری
ہو جئے اوس مہ جبین کے مشتری

اوس سے پیدا ہوگا اک نور نظر
جس سے ہو نور الٓہی جلوہ گر

حامی خرد و کلان کا جد وہ ہے
سید پیغمبران کا جد وہ ہے

عالم رویا سے اوٹھے جب جناب
اپنے بہائی سے کہا احوال خواب

مطلب کی بات جواب اونکو دیا
نام جسکا آپ نے اسدم لیا

ہے عزیزان بنی نجار سے
پاک باطن رحمت غفار سے

عفت و عصمت مین وہ مشہور ہے
ثانی بلقیس فخر حور ہے

جانب رب سے نجابت پائی ہے
قوم نے اوسکی شرافت پائی ہے

یہ نسب مین اوس سے بہی افضل ہین آپ
حسن مین اور شان مین اول ہین آپ

آرزو اسکی ہے شاہ روم کو
اوسکی دختر آپ سے منسوب ہو

گر یہ نسبت آپکو منظور ہے
کیا یہان سے شہر یثرب دور ہے

منکشف حال طبیعت کیجئے
مجھکو جانے کی اجازت دیجئے

اوسکے استقبال کو آگے بڑہون
مین تمہارے واسطے خطبہ پڑہون

بولے ہاشم اے غیور ابن غیور
صاحب حاجت کا جانا ہے ضرور

ہے ارادہ ہر طرح ہو فایدہ ا
ساتھ لیکر تحفہ نکوا نجام کو
آشکارا شان باری اُنکے
گھر چلی جب مشورہ با ہمدگر
سارے فرزندان غم خوش سیر
مطلقًا سب بندہ اللہ تھے
تھا محقق رحمت رب قافلہ
جو مدینہ میں بنائے تھے مکان
انکا جب نور جبین ساطع ہوا
کون آیا حجت دین مبین
نکلے باہر یک بیک گھبرا کے سب
پوچھا آیا ہے کہان سے قافلہ
گو ہر اک ہے صاحب حسن و جمال
پر جو ذیشان مطلع انوار ہے
تم حسینون مین زیادہ ہے حسین
ہے یقینی با شرد اہل کمال
کیا جبین کو نور خالق نے دیا
کہکے یہہ ہر ایک حیرت مین رہا
اے جوان ہم اہل بیت الٰہین
ہم ہین فرزند لوے نامدار
جو جوان ہے حامل نور مبین
ہے برادر ہاشم عبد المناف
جاتے ہین خاص باری کے لئے

اک سفر مین دہر سے مطلب ہون وا
جاؤن مین بہر تجارت شام کو
عرض رہ مین خواستگاری کیجے
ہو گیا طیار سامان سفر
ساتھ ہاشم کی چلی باکر و فر
مطلب بھی بھائی کے ہمراہ تھے
داخل یثرب ہوا جب قافلہ
سب بنی نجار رہتے تھے وہان
بولے سب خورشید کیا طالع ہوا
نور سے کوئی مکان خالی نہین
آئے نزد ہاشم عالی نسب
ہے نہایت عز و شان سے قافلہ
تا نے خورشید اور ماہ کمال
کیا تمہارا کاروان سالار ہے
آجتک ایسا جوان دیکھا نہین
کس ترقی پر ہے خورشید جمال
یک بیک سارا جہان روشن کیا
مطلب نے درجواب اونکے کہا
ماہ و خورشید سپہر جاہ ہین
حسن کا دلہ طلب عالی تبار
آفتاب اوج حشمت ہے حسین
فرد ما بین عرب بے اختلاف
آئی ہین ہم خواستگاری کے لیے

جو یہان ہین بادشہ اطراف کے
بات یہہ منظور ہاشم کو نہین
مکے سی تشریف اقدس لائی ہین
اوس جماعت مین پدر سلمی کا تہا
شکل ہاشم دیکہکر عاشق ہوا
مطلب سے کی یہہ اوسنی قیل وقال
نصرت و فخر و فتوت مین ہو فرد
بالکرم ہو ہاتہہ آیا ہے شرف
خطبہ لکہے جسکا کریمہ کا پڑھا
مالک اپنی نفس کی ہو ذی وقار
قوم کی ہین جو اکابر عورتین
ساتہ اونکی کل سے اہم مرد سبہی
کر نہ رہتے ہین بتکلف کیجیے
ہمسی مشمول عنایت ہو گی تم
شوق مین اوسکے نہ کر آئی قرار
پہر طالب یون کرم فرمائیے
مطلب بولے کہ ہاشم نام ہی
طالب [illegible] ذیشان ہو وہی
ذیشرف ذی مرتبہ ذیجاہ ہے
والد سلمی نی خوش ہوکر کہا
کیون نہ سمجہون ایسی نسبت ہو پسند
اوس طرف مائل طبیعت ہو سوا
ایسی [illegible] ہی [illegible] تہا

چاہیے مین اپنی دختر دین اسے
جس سلمی کی تہین رغبت کہین
اوسکی خواہش مین یہان تک آئی ہین
مطلب نی جو کہا وہ سب سنا
دل سے محو قدرت خالق ہوا
تم ہو بیشک صاحب جاہ و جلال
ہمت و جود و سخاوت مین ہو فرد
تم سبہون کی تذکری ہین ہر طرف
دختر اس احقر کی ہی وہ مہ لقا
بالغہ ہی خود اوسے ہی اختیار
پائی ہین خالق سے برتر ہمتین
ہو نبی قعقاع کے جانب گئے
شوق سے اس جا توقف کیجیے
فیض پایان کرامت ہو گے تم
وان کی جانی مین ہی تمکو اختیار
کون تم دونون مین ہی بتلائیے
مہر طلعت صاحب اکرام ہو
صاحب نور درخشان ہو وہی
شمع دین مصباح بیت اللہ ہی
مجہہ پہ ہی فضل خدا مہر خدا
اسکے باعث سے ہوا رتبہ بلند
اونکی رغبت سی یہی رغبت ہی سوا
جاوینگا اوس پاس مین تم سبکی ساتہ

روبہ اس احقر کی دعوت کیجئی / میرے گھر کو رشک جنت کیجئی
کیھکے یہہ ہمراہ پہر لایا اونہین / خاطرین کین پاس ٹہلانا اونہین
بی تامل حکم مطبخ مین دیا / خادمون نی نحر اونٹون کو کیا
جب مرتب خوان نعمت کی ہوئی / دہوم سی سامان ضیافت کی ہوئی
اونکی شوکت کی تھے سرجا نظری / ساکن یثرب زیارت کو گئے
دیکھنی آیا قبیلہ اوس کا / اور مجمع قوم خزرج کا ہوا
نور ہاشم راہبون نی دیکھا سب / ہوگیا تیرہ جہان نظرون مین سب
وصف نور شاہ خوش اوقات مین / اس طرح سی تہا پڑہا توریت مین
جب رئیس مکہ مین آئے وہ لوز / ہو یقینی بت پیمبر کا ظہور
غم ہوا اوسکی علامت دیکھکر / رو نی شکل مہر طلعت دیکھکر
تب کیا ہر اک یہودی نے سوال / کیون ہو گریان کیا ہوئی وجہ ملال
بولی راہب کچھہ نپوچھو کیا کہین / کیون نرو مین ایسی صدمی جب یہین
پایا ہی جو حضرت ہاشم نے نور / ہوگا ایسے شخص کا اوس سے ظہور
نی یہودی نے نصاری کسے ڈرے / سب جہان مین خوب خونریزی کری
ہو نگے انصار و مہاجر اوسکے ساتھہ / ہر جگہ فتح و ظفر آنے کی ہا
جب وہ گویا بادل بریان ہوئے / سب یہودی ہی بہت گریان ہوئے
اس طرح بعض و حسد کی جگہ / کینہ ہاشم کو دل مین دی جگہ
قصد تہا کیون ہو ظہور مصطفی / لیجئے اطفا ہی نور مصطفی
الغرض روز دگر جب دم ہوا / جا وہ گر تہ تیر اعظم ہوا
لیلی شب سے جو نا امید تھا / داغ مجنون کی طرح خورشید تھا
حفظ خالق حامی مخلوقون کا تھا / عاشقونکو دہیان معشوقون کا تہا
مضطرب دل ہجر سلمی مین رہا / صبح کی ہوتی ہی ہاشم نے کہا
جو مرے اصحاب اور انصار ہین / جان نثار و اتبع و جبرا ہین

جلد چلنے کے لیے طیار ہوں — جب مسلح ہو چکیں اسوار ہوں
حافظ لشکر خردمندی ہوئی — سب جوانوں میں کمربندی ہوئی
تھا وحید عصر اک صف شکن — جامہ ہائے فاخرہ تھے زیب تن
خود سر تھے ہمسر تاج شرف — دبدبہ اور رعب چھایا ہر طرف
فتح کو تاکید تھی امداد کی — ہر جوان پہنے زرہ فولاد کی
واہ کیا اجلال کیا اقبال تھا — رستم دستان بسان زال تھا
حامل رایت کے دیکھو اوج کو — سب میں رفعت دی نشان فوج کو
غل ہوا ابر کرم کا ہے علم — یہ نزار ذی حشم کا ہے علم
فوج میں ہاشم ذی قدر ہے — جلوہ گر مابین انجم بدر ہے
گھنگھرو یوں اسپوں کی گلیوں میں ہے — شمع نور پاک پروانوں میں ہے
دھوم دہشت دلاوہ اور دہاڑ دلیں ہے — آفتاب اوج دین ذروں میں ہے
اس ترک سے سب عرب راہی ہوئے — جانب بازار سب راہی ہوئے
کس قدر سعد و مبارک تھا وہ یوم — والد سلمیٰ بھی تھا ہمراہ قوم
بغض و کینہ سے اوٹھاتی تھے نہ ہاتھ — اک جماعت تھی یہودون کی بھی ساتھ
رہتی تھے جس جا بنی قینقاع سب — اوس طرف جاتی تھے وہ عالی نسب
پہونچی جب بازار میں باعز و شان — جمع بہر سیر تھے خرد و کلان
ہوتی جوں جوں آمد لشکر کی دھوم — بڑھتا جاتا اور خلقت کا ہجوم
دیکھا ہاشم کا جو بین نور جمال — پایا تب نوع دگر اون سبکا حال
جو وہاں تھا آپسے بس کھو گیا — جس نے دیکھا اوسکو سکتا ہو گیا
خوف کھایا نام سے ہر ایک نے — ہاتھ اوٹھایا کام سے ہر ایک نے
اون کی آنیکی جو خبریں پائی تھیں — عورتیں تک دیکھنی کو آئی تھیں
اک طرف کھوریون کا تھا گروہ — اونمیں سلمیٰ بھی تھی باشان و شکوہ
دیکھکر رعب و جلال ہاشمی — تھی کھڑی محو جمال ہاشمی

سچ کہا ہے دل سے دل کو راہ ہے / مہر کا ممنون احسان ماہ ہے
ناگہان آیا وہان اوسکا پدر / اور کہا اے بخت دل نور نظر
تیری خاطر ایک مژدہ لائے ہین / ہم تجھی دینے بشارت آئے ہین
اس طرح کا امر ہے اے رشک حور / پھر دل ہو صورت عیش و سرور
جای فرحت اور محل عشرت کا ہے / باعث شادی سبب بہجت کا ہے
بھولی سلمی کیا بشارت ہے جناب / اوسکے والد نے کیا اوسدم خطاب
یہ جو ماہ برج رفعت آیا ہے / آفتاب اوج عزت آیا ہے
کہتا ہے وہ مجھکو فرزندی مین لو / جو ہرا دل ہماری ہے وہ دو
لوگ اوسکو کان عفت کہتے ہین / منبع جود و سخاوت کہتے ہین
کچھہ جواب اوسکا نہ سلمی نے دیا / باعث شرم و حیا سر خم کیا
گو نہ وان انکار اور اقرار تھا / مدعاے دل مگر اظہار تھا
یون ہوا ثابت ز فحواے کلام / راضی و خوشنود ہے وہ لالہ فام
ہو رہی تھے وان تو نسبت کے سخن / اقربا مین اوس قرابت کی سخن
یان اوترنے کی لئے سامان کیا / ہاشم ذیجاہ نے فرمان دیا
ہر محل موقع سے با سجے تمام / خیمہ برپا ہو کرینگے ہم مقام
تابع فرمان تھے کیا کیا منتظم / آئے سب فراش دوڑے مہتمم
قول تھا ہر خادم درگاہ کا / سرخ خیمہ لائیے نوشاہ کا
ناقہ وہ حاضر کیا سنکے صدا / جسپہ تھا ابریشمی خیمہ لدا
کام پر ہر ایک آمادہ ہوا / خیمہ اک جانب کو استادہ ہوا
دور سرخی تھا زمین سے تا فلک / جسکے پرتو سے شفق ہے آجتک
شان خالق نے عطا جلوے کئے / دور مین برپا سراپردے کئے
آکے خیمہ مین کیا جسدم مقام / جمع تھے گرد بازاری تمام
سوچ تھی کس درجہ سے پائی ہین / پوچھتے تھے کہ ہین کیون آئی ہین

جب ہوئی ساری حقیقت منکشف / چل گئے نار حسد سے ناخلف
جنکو تھا منظور رشتے ہو نکاح / انکا آیا اونکو تھا عین صلاح
منفرد تھی حسن و خوبی مین وہ ماہ / تھی تمنا ہو ہمین سے رسم و راہ
عفت و عصمت مین تھی یکتائی دہر / طالب و خواہان بدل تھی اہل شہر
مشہوری تھی بات ایسی کیجئے / ہاشم ذیجاہ کو زک دیجئے
دیکھکر وہ نور حیران ہو گئے / سب یہودی دشمن جان ہو گئے

بہکانا شیطان کا سلمی کو

چاہا شیطان نے غرض ایسا کیجئے / چل کی وان سلمی کو اغوا کیجئے
[illegible] وان ملین کہین اوسکا نظیر / آیا وان یکبار بنکر مرد پیر
[illegible] سلمی سے کیا با صد ادب / مجھکو صادق جانتے ہین سب عرب
ہون قریب مرگ ہی خوف الاہ / یار ہاشم ہون تمہارا خیرخواہ
اسلئے آیا ہون ای عفت مآب / خدمت اقدس سے ہو کر فیضیاب
تمکو امر واقعی سے دون خبر / خوش ہو مجھسے خالق جن و بشر
گرچہ ہاشم رکھتا ہی حسن و جمال / شوکت ظاہر پہ نازان ہی کمال
گو کیا اللہ نے ذیشان اسے / ہی بہت کم رغبت نسوان اسے
گر کسی نے کیا عہد وفا / کی نہ الفت دو مہینے سے سوا
ایکدن گر وصل ہی برسون فراق / عورتین کو کین بہت پر دی طلاق
بارہا ہم کر چکی ہین امتحان / ہی بہت پر خوف و ترسان جان
جو جری ہین کیا اونہین دہشت سے کام / بہولی سے خوابگاہ مین رکھا نہ گام
بولی سلمی ای ضعیف ناتوان / براست اور سچ ہی اگر تیرا بیان
کون ایسے شخص سے رکھیگا کام / صبح کو اوتہکر نہ لیگا کوئی نام
وہ اگر پھر دی زراہ خودسری / سیم و زر سے قلعہ اے خیبری
اب سطرف جاشانہ مین غیبت کرون / ہی سجا اوس سے اگر نفرت کرون

یہہ سخن جب دم سنا رخصت ہوا
سمجھا کچھہ کچھہ تو بر آیا مدعا

اور صورت کا مصاحب پھر بنا
خیمہ ہاشم سے اوسکے گھر گیا

بولی سلمی اے جوان تو کون ہے
مومن با فقر اوشان تو کون ہے

بولا عبد ہے خطا اللہ کا
ہوں مصاحب ہاشم ذیجاہ کا

سنکے یہہ اوسنے وہی افسون کیے
پھر سلمی اونبی غدشے بڑے

ہوکے رخصت پھر نیا شخص سوم
بولی سلمی عذر ہی ہو کون تم

عرض کی آیا ہے ہاشم کا رفیق
بھایا مجھکو آپکی گھر کا طریق

کہہ گیا تھا جو اعادہ وہ کیا
افترا کرکی اوسے ٹھہرکا دیا

پھر مرخص ہوکے بخوف و ہراس
آیا دائنے والد سلمی کے پاس

شکل مین تھا مرد ثالث کی طرح
تا مبدل غم سے ہو عیش و فرح

جس سے سلمی کو کیا تھا ناشکیب
سب وہی باتین کہین با صد فریب

سوچی یہہ بہتان باندہی مین نئے
اوٹھکے دائنے پاس دختر کے گئے

دیکھا بیٹھی ہے وہ غمگین و ملول
باد صرصر سے خزان ہو جیسی پھول

پوچھا اوس سے کس لئے محزون ہے
چشم میگون آج کیون پرخون ہوئی

کیا سبب کیون رنج و غم کا ہے وفور
